Karachi Metropolitan Corporation
e.mail: kmc.information.dptt@gmail.com
Phone:99216333 Fax:99215040

بلدیہ عظمیٰ کراچی

پریس ریلیز

Ref No.KMC/INF/099/2022
Date: 02-04-2022

کراچی ( ) ایڈمنسٹریٹر کراچی،مشیر قانون اور ترجمان حکومت سندھ بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ ملیر کے عوام نے کئے گئے وعدے پورے کئے جائیں گے اور نامکمل منصوبوں کو اسی سال مکمل کریں گے، پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ لوگوں کی امیدوں پر پوری اتری ہے اور وہ ہر صورت میں عوام کے ساتھ ہے، ویسٹ ٹو انرجی کے تحت کچرے سے بجلی بنانے کیلئے 4 بین الاقوامی کمپنیوں کے ساتھ گزشتہ روز حکومت سندھ نے معاہدہ کیا ہے اور انہیں اجازت دے دی گئی ہے، ضلع وسطی میں ایک ماہ کے اندر سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کام شروع کردے گا اور اس طرح کراچی کے ساتوں اضلاع سے کچرا اٹھانے کا کام سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کرے گا، جس کے بہتر نتائج آئیں گے، یہ بات انہوں نے اربن فاریسٹ اور کنڈیانی برج سے مراد میمن روڈ تعمیر کئے جانے کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا ممبر صوبائی اسمبلی یوسف مرتضی بلوچ، پیپلز پارٹی ضلع ملیر کے صدر سلمان عبداللہ مراد، ڈسٹرکٹ میونسپل کارپوریشن کے ایڈمنسٹریٹر ریاض کھتری، نیبر ہڈ اسکیم کے پروجیکٹ ڈائریکٹر نذیر میمن اور دیگر افسران اور پیپلز پارٹی کے رہنما بھی موجود تھے، انہوں نے کہا کہ وعدے تو بہت لوگ کرتے ہیں لیکن وعدے پیپلز پارٹی کے چیئرمین، وزیراعلیٰ سندھ، پیپلز پارٹی کے کارکن اور پیپلز پارٹی کا جیالا ایڈمنسٹریٹر ہی پورے کرتا ہے، ہم بلاتفریق کام کرنے پر یقین رکھتے ہیں، انہوں نے کہا کہ مجھے خوشی ہے کہ ورلڈ بینک کے تعاون سے گلی محلوں کو بہتر کرنے کے لئے کام جاری ہے، ککری گراؤنڈ لیاری کا تعمیراتی کام 6 ماہ میں مکمل کرلیں گ اور لیاری کے لوگوں کے لئے ایک بین الاقوامی سطح کا اسپورٹس کمپلیکس مہیا کریں گے، شیر پاؤ کالونی میں ایک بہت بڑا میدان ہے جس کی چائنہ کٹنگ کی جارہی تھی وہاں بھی اسٹیڈیم بنانے کی منظوری دی جاچکی ہے، اگلے ہفتے اس کا سنگ بنیاد رکھ دیا جائے گا، حسین چوک، بے نظیر پارک، ابراہیم حیدری میں فٹ بال گراؤنڈ تعمیر کریں گے، گذری کے پرانے فٹ بال اسٹیڈیم کو ماڈرن بنیادوں پر اسپورٹس کمپلیکس میں تبدیل کیا جارہا ہے، فوڈ اسٹریٹس جو قدیم طرز پر چلائی جارہی تھیں انہیں اپ گریڈ کیا جائے گا اور بوٹ بیسن کی فوڈ اسٹریٹ پر کام جاری ہے جسے بین الاقوامی طرز پر تعمیر کیا جارہا ہے، اس کے اطراف 4 نئے پارکس بھی بنا رہے ہیں، کھارادر کے اولڈ سٹی ایریا کو اپ گریڈ کرنے کا کام شروع کردیا گیا ہے، یہ علاقہ گزشتہ کئی سالوں سے برسات کے دنوں میں پانی میں ڈوب جایا کرتا تھا، ماضی میں جو لوگ اقتدار میں آئے انہوں نے اس علاقے میں کام نہیں کیا، پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت نے اولڈ سٹی ایریا میں سیوریج سسٹم اور ڈرینج سسٹم ڈالا جس کے باعث اس سال بابائے قوم محمد علی جناح کی رہائش گاہ سمیت اس علاقے میں پانی گھروں میں داخل نہیں ہوا، اصل تبدیلی کے سفر کا آغاز ہوگیا ہے اور حکومت سندھ اس شہر کو جدید اور رہائش کے قابل شہر بنانے کے لئے جدوجہد کررہی ہے، میڈیا کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آئین کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب کو گورنر کو استعفیٰ پیش کرنا چاہئے تھا لیکن انہوں نے وزیراعظم کو پیش کیا اور حیرت انگیز طور پر اسے گورنر نے منظور کیا، آئین کا آرٹیکل 95 بڑے واضح انداز میں کہتا ہے کہ وزیراعظم کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک منظور ہونے کے بعد وہ شخص وزیراعظم نہیں رہ سکتا اور اسمبلی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ اپنا نیا قائد ایوان منتخب کرے، صدر پاکستان کو چاہئے کہ عدم اعتماد کی تحریک کامیاب ہونے کے بعد اگلے 2 گھنٹے میں نیا اجلاس بلائیں تاکہ نیا قائد ایوان منتخب کیا جائے، صدر کو یہ اختیار نہیں کہ وہ آئین کی پامالی کرے، انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی ناکامی بین الاقوامی سازش نہیں بلکہ یہ سازش ان کے خلاف ان کے ترجمانوں نے کی ہے، بجلی، گیس، پیٹرول، آٹا، چینی اور دیگر اشیاء کس سے مہنگی کیں، لوگوں کے گھر کس نے گرائے، بے روزگاری کس نے بڑھائی، انہوں نے کہا کہ کاروان و فاوہ لوگ نکال رہے ہیں جو کبھی پرویز مشرف، نواز شریف کے ساتھ تھے، پرسوں پتا چلے گا کہ وفا کہاں جاتی ہے۔